درس بیست و دوم — فاطمہ جناحؒ

بائیسواں سبق

مصنف: ڈاکٹر خالدہ آفتاب

متن فارسی:

فاطمه جناحؒ کوچکترین خواهر حضرت محمد علی جناحؒ بود. در بچگی پدر و مادرش را از دست داد و زیر نظر برادر بزرگوارش تربیت شد. قائد اعظم وی را بسیار دوست می داشت و برایش احترام زیادی قائل بود. فاطمه جناح نیز تمام عمرش را در راه خدمت به پاکستان و مؤسس پاکستان بسر برد. وی خدمتگذار راستین ملت پاکستان بود. به همین علت پاکستانیان لقب "مادر ملت" را به وی داده اند. زادگاه فاطمه جناح کراچی است. همان شهر بزرگی که زادگاه بنیانگذار پاکستان نیز است. تحصیلات مقدماتی خود را در کراچی به پایان برد. بعد به کلکته رفت و در رشته جراحی دندان پزشکی فارغ التحصیل شد. چندی در بمبئی مطب شخصی را اداره کرد و بعد برای همیشه به خدمت ملت و میهن مشغول شد.

مشکل الفاظ کے معانی

معانی	الفاظ	معانی	الفاظ
جائے پیدائش	زادگاہ	سب سے چھوٹی	کوچکترین
وہی	ھمان	بہن	خواھر
ابتدائی تعلیم	تحصیلات مقدماتی	بچپن	بچگی
اس نے مکمل کی	بہ پایان برد	محروم ہوگئی	از دست داد
شعبہ	رشتہ	بانی	مؤسس
ڈینٹل سرجری	جراحی دندان پزشک	گزاری	بسر برد
کلینک	مطب	خادم	خدمتگذار
پرائیوٹ	شخصی	سچی	راستین
چلایا	ادارہ کرد	قوم	ملت
وطن	میہن	وجہ	علت

ترجمہ:

فاطمہ جناح حضرت قائداعظم محمد علی جناح کی سب سے چھوٹی بہن تھیں۔ وہ بچپن ہی میں اپنے ماں باپ سے محروم ہوگئیں اور انہوں نے اپنے بڑے بھائی کی نگرانی میں تربیت پائی۔ قائداعظم اسے بہت چاہتے تھے اور ان کا بہت احترام کرتے تھے۔ فاطمہ جناح نے بھی اپنی تمام عمر پاکستان اور بانی پاکستان کی خدمت کے راستے میں بسر کی۔ وہ پاکستانی قوم کی سچی خدمت گزار تھیں۔ اسی وجہ سے پاکستانیوں نے انہیں "مادر ملت" کا لقب دیا ہے۔ ولادت گاہ فاطمہ جناح کراچی ہے وہی بڑا شہر جو بانی پاکستان کی جائے پیدائش بھی ہے۔ اس نے اپنی ابتدائی تعلیم کراچی میں مکمل کی۔ بعد میں کلکتہ چلی گئیں اور ڈینٹل سرجری کے شعبے میں تعلیم مکمل کی۔ کچھ عرصہ بمبئی میں پرائیویٹ کلینک چلایا اور بعد میں ہمیشہ کے لئے

قوم اور وطن کی خدمت میں مشغول ہو گئیں۔

☆☆☆

متن فارسی:

زمانی که نهضت پاکستان به اوج خود رسیده بود و قائد اعظم خیلی گرفتاریها داشت و شب را از روز نمی شناخت ' فاطمه جناح او را حتی یک دقیقه هم تنها نمی گذاشت .با وی در جلسه های سیاسی شرکت می کرد و کارهای شخصی وی را نیز انجام می داد.

فاطمه جناحؒ برای فلاح زنان مسلمان شبه قاره خیلی زحمتها کشید.او بانوان برجسته آن زمان را زیر پرچم مسلم لیگ آورد. بعداز تأسیس پاکستان نیز به فعالیتهایِ خود ادامه داد. خودش مسلمانی اخلاصمند و متعهد بود و می خواست همه زنان مسلمانِ جهان اهمیت معارف اسلامی را درك کنند. خیلی دلش می خواست تمام کشورها ی اسلامی متحد بشوند.این مادر دلسوز ملت پاکستان 'در روز ۹ ژوئن ۱۹٦٧ ـ م چشمش را از این جهان فروبست و در جوار برادر بزرگش مدفون شد.

☆☆☆

مشکل الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
نہضت	تحریک	فعالیت	سرگرمی
اوج	عروج	ادامہ داد	جاری رکھی
گرفتاریہا	مصروفیات	اخلاصمند	مخلص
دقیقہ	منٹ	درک کنند	جان لیں
جلسہ ھای سیاسی	سیاسی میٹنگز یا جلسے	کشورھا	ممالک
شبہ قارہ	برصغیر	برجستہ	نمایاں
دلسوز	دل میں درد رکھنے والی	در جوار برادر	بھائی کے قریب

☆☆☆

ترجمہ:

جب تحریک پاکستان اپنے عروج کو پہنچ گئی تھی اور قائداعظم کی مصروفیات زیادہ تھیں اور وہ دن رات میں کوئی فرق محسوس نہیں کرتے تھے' فاطمہ جناح انہیں حتیٰ ایک منٹ کے لیے بھی تنہا نہیں چھوڑتی تھیں۔ وہ ان کے ساتھ سیاسی جلسوں میں شرکت کرتی تھیں اور ان کے ذاتی کام بھی انجام دیتی تھیں۔

فاطمہ جناحؒ نے برصغیر کی مسلمان عورتوں کی ترقی کے لیے بہت تکالیف اٹھائیں۔ وہ اس زمانے کی نمایاں عورتوں کو مسلم لیگ کے جھنڈے تلے لے آئیں۔ قیام پاکستان کے بعد بھی انہوں نے اپنی سرگرمیاں جاری رکھیں۔ وہ خود ایک مخلص اور کمٹڈ مسلمان تھیں اور چاہتی تھیں کہ دنیا کی تمام مسلمان عورتیں اسلامی تعلیمات کی اہمیت کو جانیں۔ آپ کا دل بہت چاہتا تھا کہ تمام اسلامی ملک متحد ہو جائیں۔ پاکستانی قوم کا درد رکھنے والی یہ ماں ۹ جون ۱۹٦٧ء کو اپنی آنکھیں اس دنیا سے بند کر گئی اور اپنے بڑے بھائی کے نزدیک دفن ہوئی۔

☆☆☆

تمرین کا حل

(۱)

سوال۱: فاطمہ جناحؒ کون تھیں؟ ان کی ولادت کہاں ہوئی؟

جواب: فاطمہ جناحؒ قائداعظم محمد علی جناحؒ کی چھوٹی بہن تھیں ان کی ولادت کراچی میں ہوئی۔

سوال۲: انہوں نے کس شعبے میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی؟

جواب: انہوں نے ڈینٹل سرجری کے شعبہ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔

سوال۳: تحریک پاکستان میں ان کا کیا کردار تھا؟

جواب: جب تحریک پاکستان اپنے عروج کو پہنچ گئی تو قائداعظم محمد علی جناحؒ بے حد مصروف رہنے لگے ان کیلئے دن اور رات میں کوئی فرق باقی نہ رہا۔ فاطمہ جناحؒ ہمیشہ آپ کے ساتھ رہتیں۔ آپ کی خدمت کرتیں۔ آپ کے ساتھ سیاسی جلسوں میں شرکت کرتیں۔ فاطمہ جناح نے برصغیر کی عورتوں کی ترقی کیلئے بے حد تکالیف اٹھائیں۔ اس زمانے کی نمایاں خواتین کو مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جمع کیا۔

سوال۴: وہ مسلمان عورتوں کو کیسا دیکھنا چاہتی تھیں؟

جواب: وہ چاہتی تھیں کہ مسلمان عورتیں اسلامی تعلیمات کو بہتر طریقے سے سمجھیں۔

سوال۵: ان کا مزار کہاں ہے؟

جواب: ان کا مزار کراچی میں ہے۔

☆☆☆

(۲)

سوال۱: کوچکترین اور راستین جیسے پانچ پانچ الفاظ لکھیے۔

جواب: کوچکترین (سب سے چھوٹا)	راستین (سچا)
۱۔ بزرگترین (سب سے بڑا)	۱۔ دروغین (جھوٹا)
۲۔ مہم ترین (سب سے اہم)	۲۔ عنبرین (عنبری)
۳۔ تیزترین (سب سے تیز)	۳۔ پنجمین (پانچواں)
۴۔ زیباترین (سب سے خوبصورت)	۴۔ آذرین (آتشی)
۵۔ بلندترین (سب سے بلند)	۵۔ رنگین (رنگین)

سوال۲: سبق میں شامل مرکب اضافی اور مرکب توصیفی الگ الگ لکھیے۔

جواب: مرکب اضافی	مرکب توصیفی
خواہرِ حضرت قائداعظم	برادرِ بزرگوار
مادرِ ملت	شہرِ بزرگ
زادگاہِ فاطمہ	تحصیلاتِ مقدماتی
بنیانگذارِ پاکستان	جلسہ ھایِ سیاسی
خدمتِ ملت	کارھایِ شخصی

www.downloadclassnotes.com

نہضت پاکستان	بانوان برجستہ
فلاح زنان	مسلمانی اخلاصمند
فعالیتہای خود	مطب شخصی
تأسیس پاکستان	مادر دلسوز
پرچم مسلم لیگ	برادر بزرگ
جوار برادر	معارف اسلامی
	کشورھای اسلامی

سوال۳: مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے:

کوچکترین۔راستین۔زنان۔بعد۔آن

جواب:

الفاظ	متضاد
کوچکترین (سب سے چھوٹا)	بزرگترین (سب سے بڑا)
راستین (سچا)	دروغین (جھوٹا)
زنان (عورتیں)	مردان (مرد)
بعد (بعد)	قبل (پہلے)
آن (وہ)	این (یہ)

معروضی سوالات

1: کثیرالانتخابی سوالات (Multiple Choice Questions)

☆ **ہر سوال کے نیچے چار ممکنہ جواب دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ درست جواب پر نشان (✓) لگائیے:**

-1 ☆**محترمہ فاطمہ جناح نے اپنا پرائیویٹ کلینک کس شہر میں کھولا تھا؟**

(الف) بمبئی ✓ (ب) کلکتہ (ج) کراچی (د) پشاور

-2 ☆**فاطمہ جناح کس شہر میں پیدا ہوئیں؟**

(الف) کوئٹہ (ب) حیدرآباد (ج) لاہور (د) کراچی ✓

-3 ☆**فاطمہ جناح کا مزار کہاں واقع ہے؟**

(الف) لاہور میں (ب) راولپنڈی (ج) کراچی میں ✓ (د) پشاور میں

-4 ☆**محترمہ فاطمہ جناح نے ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟**

(الف) ملتان (ب) فیصل آباد (ج) سرگودھا (د) کراچی ✓

-5 ☆**فاطمہ جناح کا قائداعظم محمد علی جناح سے کیا رشتہ تھا؟**

(الف) بیٹی تھیں (ب) بہن تھیں ✓ (ج) خالہ زاد تھیں (د) منہ بولی بہن تھی

☆☆☆☆☆☆☆

www.downloadclassnotes.com